# ٹائپوگرافی اپنے فونٹ خود بنائیں

لڑی کے اختیارات | لڑی کی نگرانی کریں

مکی
معطل
مراسلے: 939

اس پوسٹ میں فونٹ بنانے کے عربی کے اس ٹیوٹوریل کو اردو یا انگریزی میں ترجمہ کرنے کی درخواست کی گئی ہے جس پر لبیک کہتے ہوئے میں نے اس ٹیوٹوریل کا اردو ترجمہ کرنے کی کوشش کی ہے، مجھے یاد پڑتا ہے کہ اس سے پہلے بھی کسی نے مجھ سے اسی ٹیوٹوریل کے ترجمہ کی بات کی تھی مگر یہ یاد نہیں آرہا کہ وہ کون صاحب تھے، میں اس پر یقین رکھتا ہوں کہ جب تک مترجم کو بات کی سمجھ نہیں آئے گی تب تک وہ ترجمہ کے ساتھ انصاف نہیں کر سکتا بلکہ کر ہی نہیں سکتا، میرے ساتھ بھی کچھ یہی معاملہ ہے.. میں فونٹ سازی سے بالکل نا بلد ہوں اس لیے اس ٹیوٹوریل کا ترجمہ کر کے شاید میں نے بے وقوفی ہی کی ہے کہ اکثر باتوں کی سرے سے سمجھ ہی نہیں آئی.. اگر فونٹ سازی سے کچھ المام ہوتا تو یہ کام بہت آسان ہوتا کیونکہ سمجھ آرہا ہوتا کہ کیا کہا جارہا ہے.. اس کے با وجود یہ ترجمہ اس لیے کردیا کہ آخر محفل کو بھی تو اپنے عربی دانوں سے کچھ فائدہ ہو کہ ایسے علم کا فائدہ کیا جس سے کسی اور کو کوئی فائدہ نہ پہنچ سکے..!؟

چنانچہ میری نا بلدی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس ٹیوٹوریل کی غلطیوں سے در گزر فرمائیں.. اگر کہیں کوئی غلطی ملے تو انتظامیہ اور فونٹ کے ماہرین کو اجازت ہے کہ وہ اس میں ترمیم کردیں تاکہ آخر میں ہمیں ایک اچھا ٹیوٹوریل ملے جس سے نئے فونٹ سازوں کو فائد پہنچ سکے..

نوٹ: ٹیوٹوریل اس بات کو مدِ نظر رکھ کر لکھا گیا ہے کہ آپ پہلے سے ہی ایک گریفک ڈیزائنر ہیں خاص طور سے Vector کے اطلاقیوں جیسے کورل ڈرا اور السٹریٹر سے اچھی طرح واقف ہیں، 'میں' کا صیغہ میرا نہیں بلکہ مصنف کا ہے جن کا نام 'حسن' ہے چنانچہ کسی کو یہ غلطی فہمی نہ ہو کہ میں بات کر رہا ہوں، اس کے علاوہ جو وعدے اور وعیدیں کی گئی ہیں وہ بھی انہی کی ہیں میری نہیں.

---

کیا آپ اِن ڈیزائن استعمال کرتے ہیں؟ یا آپ ایک گریفک ڈیزائنر ہیں جو Vector کے اطلاقیوں پر کام کرتے ہیں، تو آپ ہی ہیں جسے ہم تلاش کر رہے ہیں یہ کہنے کے لیے کہ نئے فونٹ بنا کر اپنی عربی زبان کی خدمت کیوں نہیں کرتے جو نہ صرف آپ کے کام میں ایک بہترین اضافہ ہوگا بلکہ آپ انہیں دوسروں کے ساتھ بھی شیئر کر سکیں گے؟ یا آپ اپنے پاس موجود فونٹس سے اکتا گئے ہیں اور تبدیلی چاہتے ہیں تو اپنے فونٹ خود بنا کر ہم سے شیئر کیوں نہیں کرتے؟ اگر آپ تیار ہیں تو جان لیں کہ یہ بہت آسان ہے، اس کے لیے صرف وکٹر کی جانکاری ضروری ہے، اپنا پسندیدہ فونٹ بنانے کے لیے آپ کے پاس بہت سارے آپشن ہیں اور یہاں ہم سفر کی شروعات میں ہیں، اگلے حصے میں ان شاء اللہ ہم ڈیزائنز

کو کاغذ سے FontScan کے ذریعے گریفکس میں بدلنا سیکھیں گے لیکن آج ہم براہ راست فیصلہ کن اور زیادہ مفید کاروائی کریں گے، چنانچہ آپ کو یہ کرنا ہے:

فونٹ لیب FontLAB ڈاؤنلوڈ کریں.

جس فونٹ پر ہم یہ درس دیں گے اسے ڈاؤنلوڈ کریں:

http://www.hacen.net/temp/Mothhel Font Lesson.zip

آپ کے پاس ایڈوبی Illustrator ہے؟ میرے پاس CorelDRAW ہے مجھے تو Illustrator لفظ کو منہ سے نکالنے سے ہی نفرت ہے 😀 لیکن ہمارا مقصد ایک ہے یعنی فونٹ کے ڈیزائن کو Vector Outlines میں پراسس کرنا جس کے لیے ہمیں صرف Bezier پر دسترس اور اسے دائیں بائیں ہلانے کی ضرورت ہے اور یہی کام Illustrator کرتا ہے اور CorelDRAW اس سے کہیں تیز، آسانی اور خوبصورتی سے کرتا ہے...

بہرحال، ہمارے پاس Letter سائز کا ایک صفحہ ہے اور ایک ڈیزائن ہے یا کسی فونٹ میں لکھا ہوا کوئی لفظ کہ ہمارا اس وقت مقصد فونٹ بنانا سیکھنا ہے اسے ڈیزائن کرنا نہیں.. تو ڈیزائن کو اس طرح صفحہ میں بھرا ہوا ہونا چاہیے جیسا کہ ذیل میں نظر آرہا ہے:




ہمارے پاس جو ڈیزائن ہے وہ تین حصوں پر مشتمل ہے: حرف (خ) اور اس کا جوڑ یا کشیدہ ( ـ ) اور حرف (ط)، ایک عربی فونٹ بنانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ پہلے حروف کو جوڑنے والی بنیاد بنا لی جائے جو کہ عربی لفظ کے سیدھے یا مستقیم ہونے کی بھی ذمہ دار ہے، چنانچہ ہم یہ بنیاد دونوں حروف کو کاٹ کر یا الگ کر کے بنائیں گے:



اور یہ رہی وہ بنیاد جسے ہم تمام حروف کو آپس میں جوڑنے کے لیے استعمال کریں گے، یہاں ہم ایک نسخی سطری قسم کا فونٹ بنا رہے ہیں:



وکٹر اطلاقیے کا کام یہاں ختم ہوتا ہے، ہم برآمد Export کا آپشن منتخب کریں گے، ذیل میں کورل کی ونڈو ہے جبکہ السٹریٹر میں کہاں ہے مجھے نہیں معلوم اور نہ ہی مجھے جاننے کا شوق ہے:




ہم معتمد اور بہتر گریفک فارمیٹ منتخب کریں گے جو کہ EPS ہے، کورل میں Selected Only کے آپشن کو منتخب کرنا لازمی ہے تاکہ پورا صفحہ نہ برآمد ہوجائے:



اس درس کا فونٹ Mothhel Font Lesson اتارنے اور اسے ان زِپ کرنے کے بعد ہم اسے فونٹ لیب میں کھولیں گے:




پہلی نظر میں آپ کو لگے گا کہ شاید فونٹ لاطینی ہے لیکن دائیں طرف موجود سکرول بار کے ذریعے نیچے جائیں:




آپ دیکھیں گے کہ لاطینی حروف کے بالکل نیچے عربی حروف بھی موجود ہیں، ہم مثلاً طاء پر کام کریں گے:




لیکن مزید نیچے آئیں کہ اوپر کے حروف Isolated Glyphs ہیں، ہم ذیل میں حروف کے پورے سیٹ یعنی مکمل اشکال پر کام کریں گے اور (ط) منتخب کریں گے:




اس پر دو دفعہ کلک کرنے پر یہ حرف Glyph کی ونڈو میں کھل جائے گا:




فونٹ لیب کے Glyph کے مینیو سے Import From EPS منتخب کریں گے:




طاء آگئی:



ہم فونٹ میں موجود پہلے والی طاء کو حذف کردیں گے اور نئی طاء کو منتخب کریں گے، اب Tools کے مینیو سے Transform منتخب کریں گے:



اس عمل کا مقصد طاء کو حسابی طریقے سے درست جگہ پر لانا ہے، یہ عمل ہم ان تمام حروف پر لاگو کیا جائے گا جو داخل کیے جائیں گے اور وہ بھی ذیل کی ویلیوز سے:

Transformation کی ونڈو ظاہر ہونے پر ہم Contour پھر Shift منتخب کریں گے اور ذیل کی ویلیوز یا قدریں داخل کریں گے:

450- منفی چار سو پچاس Horizontal Shift کے لیے.
850- منفی آٹھ سو پچاس Vertical Shift کے لیے.

اور اسے او کے کردیں گے:




طاء کو مناسب جگہ پر رکھ دیا گیا ہے، یہی حساب کتاب اگلے تمام حروف کے لیے دہرایا جائے گا، یہاں بہتر ہوگا کہ ہم حرف کے ارد گرد کے علاقے کا تھوڑا سا جائزہ لے لیں:

جیسا کہ آپ اوپر کی تصویر میں دیکھ رہے ہیں:

۱- دائیں طرف کی لائن مطبوعہ متن میں طاء اور اس سے پہلے والے حرف کے درمیان فاصلے کا تعین کرتی ہے.

۲- اوپر کا خلا تشکیل کی علامات کے لیے خالی ہے تاکہ تشکیل لگانے کی صورت میں ان کے لیے مناسب جگہ موجود ہو.

۳- بائیں لائن جو متن میں طاء کے بعد آنے والے حرف کے درمیان فاصلہ ہے.

۴- بنیاد یا بیس لائن جو کہ سرخ رنگ میں ہے اور عربی حرف کے ڈھانچے یا جسم کے محلِ وقوع یا جگہ کا تعین کرتی ہے.

۵- ذیلی یا نیچے کا خلا جسے تشکیل کی علامات کے لیے چھوڑنا لازمی ہے اس کے علاوہ یہ راء یا حاء جیسے حروف کے لیے بھی ضروری ہے جو نیچے کی طرف مڑ جاتے ہیں.

اب ہم طاء کے شروع اور آخر میں خلا کم کرنے کے لیے دائیں اور بائیں حدوں یا لائنوں کو اندر کی طرف حرکت دیں گے تاکہ فونٹ کے حروف ایک دوسرے سے دور نہ لگیں:




متصل طاء ( ـطـ ) یعنی جملے کے درمیان آنے والی طاء میں ہم دائیں اور بائیں لائنوں کو حرف کے کناروں پر رکھیں گے تاکہ حرف کسی دوسرے متصل حرف کے ساتھ اچھی طرح جُڑ سکے:




جملے کے آخر میں آنے والی طاء ( ـط ) کے آخر یا بائیں کنارے میں ہم خلا دیں گے اور دائیں لائن کو حرف کے کنارے پر رکھیں گے اور اس کے بالکل برعکس عمل ہم جملے کے شروع میں آنے والی طاء ( طـ ) کے ساتھ کریں گے:




نوٹ کریں کہ تشکیل کی دو نہیں صرف ایک حد ہے کیونکہ یہ کسی حرف کو کوئی حرکت دیے بغیر اس کے نیچے یا اوپر لگتے ہیں چنانچہ یہ خارج از حدود ہیں یعنی ان کی صرف ایک ہی حد ہے تاکہ لگانے پر یہ بغیر حرکت کے، لگنے والے حرف میں مدغم ہوجائے، اس فونٹ میں تشکیل بالکل ٹھیک اور مرتب ہے تاہم اگر آپ دیکھیں کہ ان میں سے کوئی کسی حرف پر درست نہیں بیٹھ رہا تو آپ اسے اوپر یا نیچے حرکت دے سکتے ہیں.

فونٹ کی تیاری کا درست طریقہ یہ ہے کہ اسے نیچے سے دائیں سے بائیں شروع کیا جائے، چنانچہ ہمیں (لا) سے شروع کرتے ہوئے آگے بڑھنا چاہیے:




اوپر ہم نے رومن حروف کے بالکل نیچے آنے والے عربی حروف کو نظر انداز کیا تھا جو Isolated Glyphs کہلاتے ہیں، یہ اضافی طور پر بعض ایسے اطلاقیوں میں استعمال ہوتے ہیں جو فونٹس کے کچھ خاص صیغے سپورٹ کرتے ہیں، ہمیں صرف اتنا کرنا ہے کہ فونٹ بنا لینے کے بعد نیچے سے مکمل حروف اٹھا کر انہیں ان سے بدل لینا ہے.

تمام Glyphs کو دیکھنے پر شاید ہمیں کوئی حرف اندر سے 'خالی' نظر آئے:




اس کی وجہ یہ ہے کہ حرف کا اندر کا حصہ چپکا ہوا نہیں ہے، یعنی کوئی نقطہ دوسرے کے اوپر ہے، اس کا حل انتہائی آسان ہے، ہم نقطے کو حرکت دے کر اسے اس کی اپنی جگہ پر واپس لے آئیں گے اور فونٹ لیب انہیں آپس میں مدغم کردے گا:




فونٹ لیب میں کوئی فونٹ کھولنے پر آپ کو Glyphs پر بہت سارے نقطے نظر آئیں گے:




یہ نقطے حرف کی قطع وبرید اور اسے درست کرنے کے عمل کو مشکل بنا دیتے ہیں، اس کا حل یہ ہے کہ حرف یا اس کے آس پاس رائٹ کلک کریں پھر Outline اور پھر To Type 1 Curves منتخب کریں جس سے وہ تمام چھوٹے نقطے غائب ہوجائیں گے اور صرف اصل نقطے ہی باقی بچیں گے:




فونٹ لیب میں بہت خوبصورت فنکشن ہیں جیسے Glyphs کو بہتر اور سوفٹ بنانا (Glyphs ڈیزائننگ) Tools کے مینیو سے Transform منتخب کریں جس سے Transformation کی ونڈو نمودار ہوجائے گی، اس میں Contour اور اس کے ذیل میں Optimize منتخب کریں:




اس کے علاوہ کچھ ایفیکٹس بھی ہیں جنہیں Glyphs پر اپلائی کیا جاسکتا ہے جیسے فونٹ بولڈ کرنا اس کے لیے Transformation کی ونڈو سے Effects اور پھر Bold منتخب کریں (منفی کی علامت ڈال کر فونٹ کو پتلا بھی کیا جاسکتا ہے):




بہتر یہی ہے کہ ان ایفیکٹ کا استعمال فونٹ کی تکمیل کے بعد ہی تمام Glyphs کو منتخب کرکے ایک ہی بار ان پر ایفیکٹ اپلائی کیے جائیں تاکہ تمام Glyphs پر تبدیلی ایک ساتھ ہوجائے.
فونٹ کا نام رکھنا بہت ضروری ہے، یہ آپشن File کے مینیو سے Font Info میں ملے گا:




اسے ہم پہلے ہی ایک سابقہ درس میں سمجھا چکے ہیں چنانچہ اس کی تکرار کی ضرورت نہیں.
فونٹ کو TrueType میں بطور تیار فونٹ ایکسپورٹ کرنا بھی اسی سابقہ درس میں سمجھا دیا گیا تھا جو File مینیو میں موجود Generate Font میں ہے:




یقیناً حاء اور خاء اور ان جیسے دیگر ملتے جلتے حروف جن میں صرف نقطوں کا فرق ہوتا ہے کو دوبارہ ڈیزائن کرنے کی ضرورت نہیں، کاپی پیسٹ سے (وہی سابقہ درس دیکھیں) صرف نقطے شامل یا حذف کرنے ہیں لیکن ایک بات یاد رہے کہ پیسٹ کرتے وقت ایک انتباہی ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سلیکشن کو ختم کرنے کے لیے Keep replaced symbols under new names منتخب کریں تاکہ فونٹ لیب نئے متبادل Glyphs نہ بنا دے جس سے فونٹ کی پروگرامنگ خراب ہوجاتی ہے:




اگلے درس میں ہم خالصتاً فنی طریقے سے فونٹ ڈیزائننگ سیکھیں گے اور FontScan کے استعمال پر نظر ڈالیں گے، اس کے علاوہ عربی طباعی خط کی ڈیولپمنٹ کے کچھ پروفیشنل امور بھی زیرِ بحث لائیں گے اور OpenType ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کریں گے، ساتھ ہی ہم خاص حروف کو کسی خاص فونٹ فائل میں شامل کرنا یا مرکب حروف بنانے کے لیے Glyphs بڑھانا اور دیگر امور پر گفتگو کریں گے.

ونڈوز ایک ایسا دائمی مریض ہے جسے ہمیشہ اینٹی وائرس نامی طبیب کے علاج کی ضرورت رہتی ہے؟!
مکی کا بلاگ -اردو کوڈر لینکس فورم

مکی, نومبر 29, 2008 رپورٹ بک مارک #1 + اقتباس جواب

پسندیدہ × 41 فہرست

---



جزاک اللہ خیر مکی بھائی۔ آپ نے بہت بڑا کام کیا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ اس سے اردو فونٹ سازی کا ایک اچھا ریفرینس مرتب ہو جائے گا۔

نبیل, نومبر 29, 2008 رپورٹ بک مارک #2 + اقتباس جواب

پسندیدہ × 8 فہرست

نبیل
منتظم
مراسلے: 15,411
جھنڈا: .DE
موڈ: بے کیف

---



جزاک اللہ خیر!

مجھے امید تھی کہ مکی بھائی زیادہ وقت نہیں لینے والے اس عربی مضون کے ترجے کے لئے۔

سعود ابنِ سعید
ماورائی فیڈر
جمیل خط نما

ابن سعید, نومبر 29, 2008 رپورٹ بک مارک #3 + اقتباس جواب

پسندیدہ × 2 فہرست

ابن سعید
خادم
مراسلے: 57,931



arifkarim
محفلین

مراسلے: 18,713
جھنڈا:
موڈ: حیران

بہت خوب، انشاءاللہ صبح عویدص بھائی یہاں آکر خوب شور مچائیں گے!

انسانیت کا واحد حل!

arifkarim, نومبر 29, 2008 رپورٹ بک مارک #4 + اقتباس جواب

پسندیدہ × 2 فہرست



شمشاد
لائبریرین

مراسلے: 200,096
جھنڈا:
موڈ: پرسکون

جزاک اللہ مکی بھائی
بہت زبردست کام کیا ہے آپ نے۔

It is never late to turn to ALLAH SWT
کلمتان حبیبتان الی الرحمن، خفیفتان علی اللسان، ثقیلتان فی المیزان : سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم۔

شمشاد, نومبر 29, 2008 رپورٹ بک مارک #5 + اقتباس جواب

پسندیدہ × 2 فہرست



محمد عویدص عطاری
محفلین

مراسلے: 1,084

بھائی جان میری جیسے بہت سے کم علم اشخاص کا اچھا خاصہ فائدہ ہوگیا۔ خصوصاً نوڈز کا استعمال تو آتا ہی تھا لیکن ان ٹپس سے اور بھی زیادہ اچھا کام ہوگیا۔ واہ ۔ سبحان اللہ عزوجل۔ اللہ آپ کو خوش رکھے جناب مکی حضور۔

والسلام

لے خبر جلد کہ غیروں کے طرف دھیان گیا
میرے مولا میرے آقا تیرے قربان گیا

صلی اللہ علیک و آلک و اصحابک یا رسول اللہ

محمد عویدص عطاری, نومبر 29, 2008 رپورٹ بک مارک #6 + اقتباس جواب

پسندیدہ × 4 فہرست



عبدالمجید

جزاک اللہ مکی بھائی آپکی اس خدمت سے ہمارے بہت سے نوآموز دوستوں کو فائدہ ہو گا ۔ اور انکے نیک کام کے ثواب میں آپ برابر کے شریک ہونگے

وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِىْ صَغِيْرًا
اے پروردگار جیسا انہوں نے مجھے بچپن میں (شفقت سے) پرورش کیا ہے تو بھی اُن (کے حال) پر رحمت

محفلین

مراسلے: 845

فرما

القلم قرآن مجید ، گندھار اثلث فونٹس ڈاونلوڈ کریں

عبدالمجید, نومبر 29, 2008  رپورٹ  بک مارک  #7  + اقتباس  جواب

پسندیدہ × 4  فہرست

---



شاکرالقادری
لائبریرین

مراسلے: 2,487

موڈ: خو شگوار

جزاک اللہ خیرا

نکی بھائی بہت شکریہ کہ آپ نے میری درخواست کو رد نہیں فرمایا

راسخ کشمیری نے بھی حامی بھری تھی لیکن آپ سبقت لے گئے خوشبو لگا کے ;-) ۔۔۔۔ ایک دفعہ پھر بہت بہت شکریہ

---

۔برصغیر پاک و ہند کا پہلا اوپن سورس لگیچر بیسڈ لاہوری نستعلیق فونٹ: القلم تاج نستعلیق

رنگ ، نور اور خوشبو کا سفر

شاکرالقادری, نومبر 29, 2008  رپورٹ  بک مارک  #8  + اقتباس  جواب

پسندیدہ × 2  فہرست

---



راسخ کشمیری
محفلین

مراسلے: 854

جھنڈا:

موڈ: مصروف

> شاکرالقادری نے کہا: ↑
>
> جزاک اللہ خیرا
>
> نکی بھائی بہت شکریہ کہ آپ نے میری درخواست کو رد نہیں فرمایا
>
> راسخ کشمیری نے بھی حافی بھری تھی لیکن آپ سبقت لے گئے خوشبو لگا کے ;-) ۔۔۔۔ ایک دفعہ پھر بہت بہت شکریہ

واقعی بھائی نے پھرتی سے کام کر ڈالا
جزاک اللہ خیر نکی۔

ایک عربی فورم پر کسی نے مجھ سے ترجے کی درخواست کی تھی جو میں نے آج ہی مکمل کیا ہے
سوچ رہا تھا کہ کل صبح اس کو ہاتھ ڈالوں گا

لیکن آپ نے میرا وقت بچالیا ہے
جزاک اللہ خیر

---

http://rasikh.net

ورڈ پریس کی ایک خوبصورت اردو تھیم

راسخ کشمیری, نومبر 29, 2008  رپورٹ  بک مارک  #9  + اقتباس  جواب

پسندیدہ × 1  فہرست

تمام احباب کا بہت شکریہ.. راسخ میاں آپ کا جو وقت بچا ہے وہ اسے نظر ثانی کرنے میں صرف کردیں..

ونڈوز ایک ایسا دائمی مریض ہے جسے ہمیشہ اینٹی وائرس نامی طبیب کے علاج کی ضرورت رہتی ہے؟!
مکی کا بلاگ -اردو کوڈر لینکس فورم

مکی, نومبر 29, 2008 رپورٹ بک مارک #10 + اقتباس جواب

پسندیدہ × 1 فہرست

مکی
معطل
مراسلے: 939

بہت بہت شکریہ جناب نہایت عمدہ ٹرانسلیشن کی آپ نے،---------شکریہ

designer, دسمبر 4, 2008 رپورٹ بک مارک #11 + اقتباس جواب

designer
محفلین
مراسلے: 60
جھنڈا:

اپنا تبصرہ لکھیں...

جواب ارسال کریں اضافی اختیارات...

ٹیگ: فونٹ

اس صفحے کی تشہیر

0 Tweet g+1 0 پسند کریں اسے پسند کرنے میں اپنے دوستوں پر سبقت لے جائیں



Ignore Threads by Nobita



Forum software by XenForo™ ©2010-2014 XenForo Ltd.
قواعد و ضوابط